سوال

(10)کتااگررس سے بھرے ہوئے ڈرم میں منہ ڈالے توکیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کتے نے گنے کے رس سے بھرے ہوئے برتن میں منہ ڈالااس سے گڑتیار کیا گیا، اب وہ گڑقابل استعمال ہے یا نہیں ،کہتے ہیں آگ سے جلی ہوئی چیز پاک ہوجاتی ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض ائمہ نے شکاری کتے کے جھوٹھے پر محمول کر کے اجازت دی ہے، مگرامام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اورامام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ناجائزلکھا ہے، اس لیے احوط مذہب یہی ہے کہ مسلمان کوپرہیز کرنا چاہیے، اورگڑمویشیوں کوکھلا دینا چاہیئے۔ آگ سے پکی ہوئی چیز کے پاک ہونے کا مسئلہ حدیث شریف کا نہیں ہے۔
(قوانین فطرت ص۵جلدنمبر۷) (الجواب صحیح علی محمد سعیدی خانیوال)

ہذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الطہارۃجلد1ص 24

محدث فتویٰ